Roll No...

Total No. of Questions : **12**] [*Total No. of Printed Pages* : **7**

A–218

B.A. (Part III) DUE Part-II Examination, 2021

URDU

Paper–I

(Prose and Poetry)

Time : 1½ Hours] [*Maximum Marks : 100*

SECTION–A

Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

8 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(Marks : 20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجئے۔ جواب 50 الفاظ سے زیادہ میں نہ ہو۔

(i) ''مظلوم کی فریاد'' مضمون کے خالق کون ہیں؟

(ii) پطرس بخاری کا پورا نام لکھیے۔

(iii) انیسؔ کی سنِ پیدائش کیا ہے؟

(iv) ذوقؔ کس بادشاہ کے استاد تھے؟

(v) ''رجز'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(vi) ''تشبیب'' کس صنف کا جزو ہے؟

(vii) ''غبارِ خاطر'' کس کی تصنیف ہے؟

(viii) دردؔ کا تعلق کس دبستانِ شاعری سے ہے؟

(ix) ناسخؔ کا پورا نام بتائیے۔

(x) حالیؔ کی کسی ایک تصنیف کا نام تحریر کیجئے۔

SECTION–B

(حصہ-ب)

ہدایت: درج ذیل آٹھ (8) سوالوں میں سے کن ہی پانچ کے جواب 200 الفاظ میں تحریر کیجیے۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی کی تشریح مع سیاق وسباق کے کیجیے:

(الف)

جو دنیا رنگ برنگ کے جلوے دکھا اور مزے مزے کی باتیں سنا رہی تھی، بے وفا نکلی۔ جس عمر پر بڑا بھروسا اور پوری تقویت تھی، پل مارتے میں ختم ہوئی اور یوم الحساب سر پر آ پہنچا۔ دنیوی حکومتیں چار دن کی دور دورہ تھا۔ آج اس حقیقی بادشاہ کا راج ہے، جس کی سلطنت کو کبھی زوال نہیں اور جس کے فیصلے کا اپیل ہے نہ مرافعہ، بڑی بڑی سلطنتوں کے تاج دار سرنگوں کھڑے ہیں اور ہوا کانوں میں یہ صدا پہنچا رہی ہے "یہ ہے وہ دن جس میں بدلہ دینے کا وعدہ تھا"۔

(ب)

محفل میں آتے ہی ان حضرات کا پہلا کام یہ ہوتا ہے کہ اہلِ محفل پر نظر ڈال کر یہ دیکھ لیں کہ ان میں کن کن خیالات کے لوگ ہیں اور کس موضوع پر گفتگو ہو رہی ہے۔ اس چیز کا اندازہ کر لینے کے بعد ہی یہ گفتگو میں دخل دیتے ہیں اور تھوڑی ہی دیر میں اس موضوع کو اپنے سے متعلق کر لیتے ہیں، اب اصل بحث تو گئی جہنم میں، سب کے سب ان کے پیچھے پڑ جاتے ہیں، دوسرا کوئی ہو تو زچ ہو جائے۔ مگر نہ اس شخص کی زبان رکتی ہے اور نہ یہ دبنے کا نام لیتا ہے۔ فقرے بھی چلتے ہیں، شاعری بھی چلتی ہے۔

3 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کن ہی چار شعروں کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجیے:

(الف)

(i) حجابِ رخِ یار تھے آپ ہی ہم

کھلی آنکھ جب کوئی پردا نہ دیکھا

(ii) ارض و سما کہاں تری وسعت کو پا سکے

میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

(iii) صباحِ عید ہوئی ساقیا شراب چلے

نہ پیشتر کہیں ساغر سے آفتاب چلے

(iv) بات جو میرے مسیحا کی ہے ایک اعجاز ہے

جان آجائے تن بے جان میں وہ آواز ہے

(v) اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا

رنج راحت فزا نہیں ہوتا

(vi) آنکھوں سے حیا ٹپکے ہے انداز تو دیکھو

ہے بوالہوسوں پر بھی ستم ناز تو دیکھو

(vii) اس غیرت ناہید کی ہر تان ہے دیپک

شعلہ سا لپک جائے ہے آواز تو دیکھو

(viii) آؤ مٹا بھی دو خلشِ آرزوئے قتل

کیا اعتبار زندگی مستعار کا

4 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے:

(i) واہ واہ کیا معتدل ہے باغِ عالم کی ہوا
مثلِ نبض صاحب صحت ہے ہر موجِ صبا
بھرتی ہے کیا کیا مسیحائی کا دم بادِ بہار
بن گیا گلزار عالم رشک صد دار الشفاء
ہے گلوں کے حق میں شبنم مرہمِ زخمِ جگر
شاخ بشکستہ کو ہے باراں کا قطرہ مومیا

(ii) ٹھنڈی ٹھنڈی وہ ہوائیں وہ بیاباں وہ شجر
دم بہ دم جھومتے تھے وجد کے عالم میں شجر
اوس نے فرِ زمرد پہ بچھائے تھے گہر
لوٹی جاتی تھی لہکتے ہوئے سبزے پہ نظر
دشت سے جھوم کے جب بادِ صبا آئی تھی
صاف غنچوں کے چٹکنے کی صدا آتی تھی

5 غزل کی تعریف اور اس کے اجزائے ترکیبی کی وضاحت کیجئے۔

6 ''یار باش'' سبق کا خلاصہ اپنے الفاظ میں کیجئے۔

7 عبدالحق کی طرز نگارش پر تبصرہ کیجئے۔

8 مرثیہ کے فن پر تبصرہ کیجئے۔

SECTION–C

(حصہ–ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جواب مطلوب ہیں۔ جواب 500 الفاظ سے زائد نہ ہو۔

9 راشدالخیری کی نثر نگاری پر تجزیہ کیجئے۔

10 اردو قصیدہ کے آغاز و ارتقا کا جائزہ لیجئے۔

11 میر انیسؔ کو اردو مرثیہ میں کیا مقام حاصل ہے؟ مدلل بحث کیجئے۔

12 ''رستم و سہراب'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔